سوال

(815) نماز میں باقاعدگی کےلیے کوئی دعا یا دَم یا وظیفہ بتائیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میرے بھائی کا ایک بیٹا ۱۵ سال کا ہے اور دو بیٹیاں ۱۰۔ ۸ سال کی ہیں۔ ہمارا سارا گھرانہ حتی کہ دونوں بچیوں تک نماز پانچ وقت باقاعدگی سے پڑھتی ہیں لیکن میرا بھتیجا جو ۱۵ سال کا ہے۔ نماز باقاعدگی سے نہیں پڑھتا۔ دن میں ایک یا دو نمازیں ڈانٹ ڈپٹ کر یا مار کر پڑھاتے ہیں۔ چھوٹی بہنوں کو نماز پڑھتے دیکھ کر شرمندہ نہیں ہوتا۔ کوئی دعاء یا دم بتائیں جو اس پر اثرانداز ہو۔ (نصرت ہاشمی مزنگ چونگی) (۲۱ جون ۱۹۹۶)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس بچے کو ''سورۂ فاتحہ'' پڑھ کر دم کر دیا کریں۔ اس سے ان شاء اللہ جذبہ نیکی پیدا ہو گا۔

مزید کوشش کریں کہ وقتاً فوقتاً یہ کسی موحد عالم یا نیک صالح آدمی کے پاس بیٹھا کرے۔ اس سے قلبی جلاء کے علاوہ باطنی کیفیت بدل کر تعلق باللہ مضبوط ہو گا۔ ان شاء اللہ۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3، متفرقات: صفحہ:558

محدث فتویٰ